بسم الله الرحمن الرحيم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

# فهرس الموضوعات والعناوين

# للبحوث العلمية

## لعام ١٤٤٧ھ/2026ء

لطلاب الدرجة النهائية والباحثين

لنيل شهادة العالمية فى العلوم العربية والإسلامية

(ایم اے عربی واسلامیات)

تحت إشراف

تنظیم المدارس (اہل السنة) پاکستان (رجسٹرڈ)

# نتیجہ از ممتحن گرامی

عنوان مقالہ:____________ عنوان نمبر (لازمی لکھیں):____________

نام امیدوار:____________ ولدیت:____________

عالمیہ سال اول کارول نمبر:____________ عالمیہ سال دوم (2026ء) کارول نمبر:____________

## مقالہ چیک کرنے کے لیے نمبروں کی تقسیم اور مختصر ملاحظات:

| نمبر شمار | مقالہ کے اجزاء | مقررہ نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر کم ہونے کی وجہ |
|---|---|---|---|---|
| 01 | فہرست عنوانات | 05 | | |
| 02 | **مقدمہ** مندرجہ ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے: (موضوع کا تعارف، اہمیت موضوع، سابقہ کام کا جائزہ، تحقیق کے بنیادی سوالات و اہداف) | 15 | | |
| 03 | **صُلبِ موضوع** (سوالات و اہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق) | 50 | | |
| 04 | حواشی و ذیل حوالہ جات اور توضیحی نوٹس | 10 | | |
| 05 | موضوع کی بحث پر مبنی خلاصۂ بحث، نتائج | 05 | | |
| 06 | موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز | 05 | | |
| 07 | مقالہ میں وارد آیات و احادیث کی فہرست (آخر میں لگائیں) | 05 | | |
| 08 | فہرست مصادر و مراجع | 05 | | |
| 09 | میزان | 100 | | |

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات:____________

____________

____________

نام ممتحن:____________

دستخط ممتحن:____________

تاریخ:____________

نوٹ:
1۔ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پُر فارمہ کاپی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔
2۔ مقالہ کمپوز شدہ یا ماہر کاتب کی کتابت سے قبول ہوگا، کمپوزنگ کے متعلق ہدایات صفحہ نمبر 15 پر ملاحظہ کریں۔

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

فهرس الموضوعات والعناوين لطلاب الدرجة النهائية والباحثين

لنيل شهادة العالمية فى العلوم العربية والإسلامية (ایم اے عربی واسلامیات)

تحت إشراف تنظيم المدارس أهل السنة باكستان عام 1447هـ۔2026ء

# تفسير القرآن الكريم وما يتعلق به

| ● | ● العنوان | ● نموذج المنهج والأهداف |
|---|---|---|
| 1 | قرآن مجید میں مذکور "اسماء الحسنی" کی تشریحات: ایک مطالعہ | قرآن میں مذکور اسمائے الٰہی کی تعداد اور الف بائی فہرست، توقیفی و توصیفی مقاصد، فضائل وروحانی خواص، انسانی شخصیت پر اسماء الحسنی کے اثرات، خاتمہ |
| 2 | وحدتِ انسانیت کا تصور: آیاتِ قرآنیہ کے تناظر میں | فلسفہ وحدت سے مراد، اتحاد کی ضرورت واہمیت اور ثمرات، افتراق کے اسباب اور مہلک نتائج، سلف صالحین کے اختلاف کے وقت احتیاطی راستہ، خاتمہ |
| 3 | اسلام کا نظامِ اخلاق: قرآن کریم کی روشنی میں | تعارف موضوع، لغوی و معانی تحقیق، اخلاقیات کی ضرورت واہمیت اور ثمرات، اچھے اخلاق اور برے اخلاق کی تقسیم وتفصیل، بداخلاقی کی مذمت ونتائج |
| 4 | حروف مقطعات سے شروع ہونے والی قرآنی سورتوں کا تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ | حروف مقطعات کی تشریح وتفسیر، مفسرین کی آراء کا جائزہ، بسیط، مرکب مقطعات حروف سے شروع ہونے والی سورتوں کا باہمی ربط وجائزہ، خلاصہ |
| 5 | "أولی الامر" کا اسلامی تصور: تحقیقی مطالعہ | تعارف موضوع، اولی الامر کی حقیقی تعبیر وتشریح، اطاعت اور اہم ترین خصوصیات، شیعہ کے نظریہ امامت کا جائزہ آیت قرآنیہ کے تحت، خلاصہ |
| 6 | قرآن مجید میں مذکور قصص الانبیاء کا تجزیاتی مطالعہ | تعارفِ موضوع، قصص کی تفصیل والف بائی فہرست اور فنی تقسیم، رموز حکمتیں، قصص الانبیاء پر پانچ معروف کتب عربی واردو کا مطالعاتی جائزہ، خلاصہ |
| 7 | قرآن مجید میں تدبر اور تفکر کی دعوت: ایک مطالعہ | تعارفِ موضوع، مظاہر قدرت میں غور وفکر کا حکم، ثمرات وترغیب، دور جدید کی سائنس اور آفاق عالم میں اللہ تعالی کی قدرت کی نشانیاں، خلاصہ بحث، نتائج |
| 8 | اسبابِ نزول قرآن کی اہمیت، فوائد اور شناخت: ایک مطالعہ | اسبابِ نزول قرآن اہمیت وشناخت، صحابہ وتابعین کی اسبابِ نزول میں روایات کا حکم اور شرائط، تعدد روایات کی صورت میں صحیح قول کے تعین کے ضابطے، خاتمہ، |
| 9 | اسلام کا فلسفہ جہاد۔ ایک مطالعہ | لغوی وشرعی معنی ومفہوم، فقہی اقوال وآراء، جہاد وقتال میں فرق، اقسامِ جہاد، عصر حاضر اور جہاد کی فرضیت واہمیت، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات |

| | | |
|---|---|---|
| 10 | قرآن کریم میں شرک اور توحید کا تقابلی جائزہ | اسلام کے بنیادی عقائد، انبیاء کی تبلیغ کا مقصد، توحید وشرک کی تعریفات، معتبر کلامی کتب کے حوالے سے وضاحت، خوارج کی مغالطہ آرائیوں کے جوابات، خلاصہ |
| 11 | قرآن مجید میں مال ودولت کے استعمالات:<br>اصول وضوابط کا مطالعاتی جائزہ | اسبابِ دنیا کی حیثیت، دنیا کی بے ثباتی، جمع مال کے شرعی اصول، مال ودولت کے فوائد و نقصانات قرآن میں بیان ہونے والے اصول، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات |
| 12 | اجتماعی زندگی کے اصول<br>قرآن حکیم کی روشنی میں: تحقیقی مطالعہ | اسلام میں زندگی گزارنے کے اصول، اسلام میں اجتماعی نوعیت کے امور اور انکے احکام، اجتماعی زندگی کے اصول قرآنی تعلیمات کی روشنی میں، خلاصہ بحث، نتائج |
| 13 | آیات تبشیر وانذار کا تفسیر ضیاء القرآن اور تفسیر تبیان القرآن کی روشنی میں تقابلی مطالعہ | اسلوب آیات قرآنیہ، حکیمانہ ترتیب وتدریج، ہر دو مفسرین کا اسلوب تبشیر وانذار اور منہج بلحاظ لغویت، معنویت اور ادبیت، تقابلی جائزہ، نتائج وخاتمہ البحث |
| 14 | قرآن کریم میں مذکور غزوات النبی ﷺ کا تحقیقی مطالعہ | لغوی واصطلاحی معنی، مطالعہ غزوات کی ضرورت واہمیت، مقاصد اور حکمت عملی غزوات کی تعداد، تاریخ، مقام اور اسباب ونتائج، قرآنی آیات، نتائج وخاتمۃ البحث |
| 15 | قرآن کریم کی روشنی میں نظامِ معیشت | تعارفِ موضوع، معاشی نظام کی بنیاد، اسلامی معاشی نظریات، انفرادی واجتماعی معیشت، عصر حاضر میں اسلامی نظام معیشت کی ضرورت وثمرات، خاتمہ |
| 16 | سلف صالحین اور تلاوتِ قرآن کا اہتمام | تلاوت قرآن کے آداب وثمرات، اہل بیت اطہار، صحابہ کرام اور ائمہ سلف کا تلاوت قرآن کا خصوصی اہتمام، تصحیح تلاوت کی اہمیت، خاتمۃ البحث |
| 17 | قرآن حکیم کی روشنی میں نظامِ سیاست | تعارفِ موضوع، اسلامی سیاسی نظام کے خدوخال، انتخابِ حکمران اور اسلامی تعلیمات، موجودہ سیاسی نظام کی اصلاح، چند مفید تجاویز، خاتمہ، نتائج اور فہارس |
| 18 | قرآن مجید اور دورِ حاضر کے اصلاحی تقاضے | نزول قرآن کی غرض وغایت، روزمرہ کے معاملات میں قرآن کریم کی راہنمائی، اصلاحِ معاشرہ کے بارے میں قرآن کریم کی تعلیمات کا جائزہ |
| 19 | تعارف قرآن بالفاظِ قرآن:<br>ایک مطالعہ | تعارفِ موضوع، لفظ قرآن کی لغوی ومعنوی تحقیق، قرآن کریم کے صفاتی نام، قرآن میں موجود قرآن کی صفات کا مطالعاتی جائزہ وتشریح |
| 20 | قرآن فہمی کے لیے معلم کی ضرورت | تعارف موضوع، قرآن فہمی کے بنیادی اصول، معلم قرآن کی تعمیر، شخصیت اور تربیت کے چند اصول، قرآن فہمی اور ہمارے حائل پردے، سفارشات وخلاصہ |
| 21 | 10 تاکیدی نصیحتوں کا مطالعاتی جائزہ<br>(سورۃ الانعام آیات 151 تا 153 کی روشنی میں) | تعارف موضوع، آیات محکمات کی تشریح، نصیحتوں کا اسلوبِ بیان، شرائع سابقہ میں ان دس نصیحتوں کی اہمیت، ہر نصیحت کی تشریحات، خلاصہ |
| 22 | لَا یَمَسُّهٗۤ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ کا فقہی مطالعہ | تعارف موضوع، کلام باری تعالیٰ کی تشریح، ڈاکٹر ذاکر نائیک کے نظریہ کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، بے وضو قرآن کریم چھونے میں فقہاء کی آراء کا خلاصہ، نتائج |
| 23 | سورۃ النساء آیت 71 کی روشنی میں دفاع کی اہمیت<br>ایک مطالعہ | دفاع کی ضرورت واہمیت، عقل ونقل کی روشنی میں، سکیورٹی سسٹم کے اسلامی اصول وضوابط، دفاع کی اہمیت فقہائے کرام کی نظر میں، مختص دفاعی بجٹ، مروجہ ملکی دفاعی سسٹم کا فقہی جائزہ، سفارشات، خلاصہ، نتائج البحث |

| | | |
|---|---|---|
| 24 | خلاصۃ القرآن، کتب کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ<br>نور قرآن (علامہ صدیق ہزاروی سعیدی) خلاصہ تفسیر ( مفتی منیب الرحمن)<br>آئینہ مضامین قرآن (علامہ افروز قادری چڑیاکوٹی) خلاصۃ القرآن<br>(پیر فاروق بہاؤالحق شاہ) | خلاصۃ القرآن کا عمومی مفہوم، آغاز وارتقاء، خلاصہ جات کی اہمیت، افادیت اور ضرورت، ہر سہ کتب کا اسلوب، خصوصیات اور تعارف، خلاصہ کے غیر موثر ہونے کے اسباب، نتائج، سفارشات اور خاتمۃ البحث |
| 25 | قرآن کریم میں مذکور لفظ فتنہ کے مصداقات:<br>ایک تحقیقی جائزہ | تعارف موضوع، عربی زبان کی وسعت اور ہمہ گیریت، متکثر المعنی کی تعریف واقسام، لفظ فتنہ کے معنی ومصداقات کا جائزہ، خلاصہ، سفارشات، نتائج البحث |
| 26 | وَلۡيُوفُوۡا نُذُوۡرَهُمۡ کا فقہی مطالعہ | نذر کی اہمیت وافادیت، قرآن وسنت واجماع سے نذر کا ثبوت، نذر کے لازمی ارکان وشرائط، اقسام وفقہی احکام، نذر کے مصارف، خاتمہ |
| 27 | وَ قُل لَّهُمَا قَوۡلًا كَرِيمًا<br>کی روشنی میں والدین کی عظمت و حقوق کا جائزہ | تعارف موضوع، اجر اطاعت والدین، اکرام والدین کے تقاضے و ثمرات، اہل قرابت کے حقوق، نافرمانی کی سخت ممانعت، وعیدات، خلاصہ نتائج البحث |
| 28 | نصوص قرآنیہ کی روشنی میں آبی وسائل اور ان کی افادیت ایک تحقیقی جائزہ | تعارف موضوع، قرآن کریم میں آبی وسائل کا تذکرہ، احادیث کریمہ میں آبی وسائل کا تذکرہ، آبی وسائل کا تحفظ اور ذمہ دارانہ استعمال، سفارشات |

# الأحاديث النبوية والسيرة النبوية ومايتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| 29 | عمدۃ القاری اور فتح الباری کے درمیان تقابلی جائزہ<br>(پارہ نمبر:1 تا پارہ نمبر:5) | تعارفِ کتب ومؤلفین اور علمی مقام، خصوصیات، منہج واسلوب، مشترکات ومختلفات، انفرادیت، ہر دو کتب کے درمیان تقابلی جائزہ، نتائج ، خلاصۃ البحث |
| 30 | عمدۃ القاری اور فتح الباری کے درمیان تقابلی جائزہ<br>(پارہ نمبر:6 تا پارہ نمبر:10 | تعارفِ کتب ومؤلفین اور علمی مقام، خصوصیات، منہج واسلوب، مشترکات ومختلفات، انفرادیت، ہر دو کتب کے درمیان تقابلی جائزہ، نتائج ، خلاصۃ البحث |
| 31 | عمدۃ القاری اور فتح الباری کے درمیان تقابلی جائزہ<br>(پارہ نمبر:11 تا پارہ نمبر:15) | تعارفِ کتب ومؤلفین اور علمی مقام، خصوصیات، منہج واسلوب، مشترکات ومختلفات، انفرادیت، ہر دو کتب کے درمیان تقابلی جائزہ، نتائج ، خلاصۃ البحث |
| 32 | عمدۃ القاری اور فتح الباری کے درمیان تقابلی جائزہ<br>(پارہ نمبر:16 تا پارہ نمبر:20) | تعارفِ کتب ومؤلفین اور علمی مقام، خصوصیات، منہج واسلوب، مشترکات ومختلفات، انفرادیت، ہر دو کتب کے درمیان تقابلی جائزہ، نتائج ، خلاصۃ البحث |
| 33 | عمدۃ القاری اور فتح الباری کے درمیان تقابلی جائزہ<br>(پارہ نمبر:21 تا پارہ نمبر:25) | تعارفِ کتب ومؤلفین اور علمی مقام، خصوصیات، منہج واسلوب، مشترکات ومختلفات، انفرادیت، ہر دو کتب کے درمیان تقابلی جائزہ، نتائج ، خلاصۃ البحث |
| 34 | عمدۃ القاری اور فتح الباری کے درمیان تقابلی جائزہ<br>(پارہ نمبر:26 تا پارہ نمبر:30) | تعارفِ کتب ومؤلفین اور علمی مقام، خصوصیات، منہج واسلوب، مشترکات ومختلفات، انفرادیت، ہر دو کتب کے درمیان تقابلی جائزہ، نتائج ، خلاصۃ البحث |
| 35 | سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کی مرویات کا تجزیاتی مطالعہ<br>(صحاح ستہ کی روشنی میں) | احوال ، فضائل ومناقب، تفسیر قرآن، عبادات، مناکحات، معاملات اور حدود وجنایات سے متعلق مرویات وغیرہ، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات |
| 36 | فتوحاتِ نبوی ﷺ میں صلح حدیبیہ کی اہمیت | صلح حدیبیہ کا تعارف، پس منظر، صلح کا عربی متن وترجمہ، معاہدہ صلح کی ضرورت، اہمیت وافادیت، صلح کے بعد فتوحات کا سلسلہ باعتبار سنین مکمل، صلح حدیبیہ اور عصر حاضر کے مسائل کا حل، فہرست، سفارشات، نتائج |

| | | |
|---|---|---|
| 37 | فلاح وخدمت انسانیت<br>سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں | معنی و مفہوم، اہمیت وافادیت، قبل نبوت انسانیت کی خدمت وفلاح، خدمت انسانیت کے اُمور اور سیرت النبی ﷺ سے شواہد، تجاویز وسفارشات، نتائج |
| 38 | سادا تنا حسنین کریمین (رضی اللہ عنہما) اور حضرت امیر معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے درمیان محبت واخوت۔ ایک مطالعہ | نام ونسب، فضائل وکمالات، دینی خدمات، فضائل صحابہ واہلبیت رضی اللہ عنہم مختصراً، حضرات ثلاثہ رضی اللہ عنہم کے درمیان پیار ومحبت کے واقعات اور شبہات کا ازالہ، نتائج وسفارشات اور خلاصۃ البحث |
| 39 | علامہ ملا علی القاری رحمۃ اللہ علیہ اور فقہ الحدیث<br>ایک مطالعاتی جائزہ | احوال وآثار، تعارف تصانیف، استنباطِ احکام کے مختلف اسالیب، فقہی آراء اور اختلاف میں اسلوبِ بیان، دلائل جمع وتطبیق کا منہج، نتائج وخاتمہ البحث |
| 40 | فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ كَذَّابُونَ<br>روایت کا تحقیقی وتاریخی جائزہ | حدیث کی تخریج، رواۃ حدیث کا مختصر تعارف، حدیث کی تحقیق، عصر حاضر تک نبوت کا دعویٰ کرنے والے لوگوں کا مختصر تعارف، اسبابِ ظہور، فوائد ونتائج سفارشات |
| 41 | عہد خلفائے راشدین اور خدمات حدیث:<br>ایک تاریخی جائزہ | تعارف موضوع، عہد خلفاء راشدین میں روایت، کتابت اور حفاظت حدیث کے اصول ، معروف صحائف حدیث کا تعارف واسلوب، خاتمہ |
| 42 | حدیث نبوی ﷺ میں انسانی جذبات کا تذکرہ:<br>ایک مطالعہ | تعارف موضوع، محبت، ناپسندیدگی، غصہ، خوف، غم، حیا، حسد، غیرت، تکبر، خودپسندی وغیرہ، انسانی تاثرات پر اسلامی تعلیمات احادیث کی روشنی میں، سفارشات |
| 43 | حدیث نبوی ﷺ اور علم لدنی:<br>ایک جائزہ | تعارف موضوع، علم لدنی تعریفات اور تشریحات ائمہ، کشف والہام، وحی، پیشین گوئی ، خواب کی تعبیر کے بارے میں مطالعہ احادیث، سفارشات، خاتمہ، نتائج |
| 44 | عبادات اور نفسیاتی مسائل کا علاج<br>(ایک مطالعہ) | تعارف موضوع، ایمان، نماز، روزہ، زکوۃ، حج، ذکر، صلوٰۃ، دعا اور توبہ کے ذریعے نفسیاتی علاج، سفارشات، خاتمہ ونتائج |
| 45 | رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے خوابوں کا مطالعاتی جائزہ | تعارف موضوع، اسلامی تعلیمات، رسول اللہ ﷺ، خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے خوابوں کا تذکرہ، روایات کا جائزہ اور تشریحات شارحین حدیث، مستنبط احکام |
| 46 | أکل حلال وصدق مقال:<br>اہمیت اور ثمرات | تعارف موضوع، أکل حلال وصدق مقال تشریحات وتعبیرات، ثمرات اور صالحین کی حکایات، ظاہری، دنیوی برکات، سفارشات وخاتمہ |
| 47 | تخصص فی علوم الحدیث کی ضرورت واہمیت<br>(ایک جائزہ) | تخصصات کی اہمیت وضرورت، علوم الحدیث میں اختصاص کی ضرورت واہمیت اور عصری افادیت، سفارشات ونتائج |
| 48 | حدیث: عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ کا فقہی مطالعہ | تعارف موضوع، فطرت کی لغوی واصطلاحی تشریح وتوضیح، فطرت اور پرویزی نظریات کا جائزہ، دس فطری اشیاء کی فقہی تشریح، خلاصہ |
| 49 | حدیث: لَا تُدِيمُوا النَّظَرَ إِلَى الْمَجْذُومِينَ<br>کا فقہی مطالعہ | تعارف موضوع، عصر حاضر میں خطرناک مہلک امراض، متعدی امراض اور اسلامی تعلیمات، متعدی امراض کے نکاح پر اثرات اور شرعی آراء، خلاصہ |
| 50 | إِنَّ أَطْيَبَ مَا أَكَلَ الرَّجُلُ مِنْ كَسْبِهِ<br>(فرمان رسول ﷺ کی روشنی میں محنت واجرت کا تصور) | تعارف موضوع، محنت کی فضیلت قرآن وحدیث کی روشنی، محنت اور اسوہ انبیاء کرام علیہم السلام، اجرت کا لغوی واصطلاحی معنی، خلاصہ |

| | | |
|---|---|---|
| 51 | مکہ مکرمہ کے نظم ونسق کے لیے رسول اللہ ﷺ کے آباواجداد کی خدمات جلیلہ کا مطالعاتی جائزہ | تعارف موضوع، نسب نامہ نبوی، اجداد مبارکہ کی نجابت وشرافت، قبل بعثت عربوں کا خدماتی منشور ومحکمے، خدمات جلیلہ کا جائزہ، خلاصہ |
| 52 | خیر الناس من ینفع الناس<br>(فرمان رسول ﷺ کی روشنی میں خدمت خلق کا تصور) | تعارف موضوع، خدمت خلق کی اہمیت وثمرات، خدمت کے مستحقین اور ان کے مدارج، عصر حاضر میں اخلاص کی ضرورت، خاتمہ، نتائج |
| 53 | وَأَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً.<br>(فرمان رسول ﷺ کی روشنی میں خشیت الہی کی اہمیت) | تعارف موضوع، خشیت کے لغوی واصطلاحی معنی، رسول اللہ ﷺ کی دنیا سے بے رغبتی اور خشیت الہی، صحابہ واہل بیت اور سلف صالحین کی خشیت کا عالم اور معمولات |
| 54 | تزکیہ نفس کے متعلق احادیث کریمہ کا تفصیلی مطالعہ | معنی ومفہوم، تزکیہ نفس کی اہمیت وضرورت، فوائد وثمرات، تزکیہ نفس پر مشتمل کم از کم بیس احادیث کی تخریج وتشریح، خاتمہ |
| 55 | لا تدخلوا علی ھؤلاء القوم المعذبین<br>(فرمان کی روشنی میں ہلاک شدہ اقوام کے احوال کا جائزہ) | تعارف موضوع، سابقہ امم کے واقعات بیان کرنے کی وجوہات، ہلاکت کے معنی ومفاہیم، ہلاک شدہ اقوام کے احوال، ہلاکت کے عوامل واسباب، خاتمہ |
| 56 | صحیح مسلم میں اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم کی روایات<br>(تجزیاتی مطالعہ) | اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم تاریخ وتعداد، خدمات اور مرویات کی تعداد، روای حدیث اصحاب صفہ رضی اللہ عنہم کا مختصر تعارف، سفارشات، نتائج البحث |
| 57 | لا تصدقوا اھل الکتاب ولا تکذبوھم<br>(فرمان کی روشنی میں اسرائیلیات کے اثرات اور احکام) | اسرائیلیات کا لغوی واصطلاحی مفہوم، اقسام وشرعی حیثیت، اسرائیلیات کے مشہور راوی حالات واحکام، اسلامی لٹریچر میں اسرائیلی روایات کے بار پانے کے اسباب، اسرائیلی روایات کے متعلق ائمہ رجال کے کلام کا جائزہ، سفارشات، نتائج |
| 58 | ایاکم والغلو فی الدین<br>(فرمان کی روشنی میں غلو فی الدین کا تجزیاتی مطالعہ) | غلو فی الدین کی حقیقت اور مختلف رائج صورتیں، اسباب، بنیاد وابتداء، اسباب واقسام، مذہبی انتہاپسندی کا معنی ومفہوم قرآن وحدیث کی روشنی میں، خلاصہ |
| 59 | مَنْ إِذَا قَدَرَ غَفَرَ<br>(فرمان کی روشنی میں جذبہ انتقام اور اسلامی تعلیمات کا جائزہ) | بدلہ لینے کے حدود وآداب، انتقام میں توازن یا زیادتی کا فقہی جائزہ، بدلہ لینے یا معاف کر دینے کے وجوہ ترجیح، زیادتی اور حرمتوں کا پامال کر کے بدلہ لینے کا شرعی حکم |
| 60 | يَا غُلَامُ إِنِّي أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ<br>(فرمان کی روشنی میں تربیت اطفال کے اہم راہ نما اصول وضوابط) | تربیت کی تعریف واہمیت، ظاہری وباطنی تربیت کے ثمرات، والدین، خاندانی افراد کی ذمہ داریاں، غلط تربیت کے غلط نتائج، سفارشات وخلاصہ |
| 61 | اِحْفَظْ سِرِّيْ تَكُنْ مُؤْمِنًا<br>(فرمان رسول ﷺ کی روشنی میں رازداری کی اہمیت) | لغوی ومعنوی تشریح، رازداری کی اہمیت، اقسام اور افادیت، رازداری اور قرآن وحدیث کے شواہد، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور حفاظتِ راز، قومی رازوں کی اہمیت، سفارشات، نتائج البحث اور خاتمہ |
| 62 | علم حدیث کے فروغ میں علمائے اہلسنت کی علمی وتحقیقی مساعی کا مطالعاتی جائزہ | اہلسنت کی تاریخ، علم حدیث کی نشرواشاعت، تعلیم وابلاغ، صحت وثقاہت کے اصول، تخریج حدیث، نقد حدیث، فقہ حدیث، تراجم وتدریس حدیث کے میادین میں اہلسنت کی خدمات، سفارشات، نتائج اور خلاصہ |
| 63 | احادیث کی سائنسی تعبیرات میں علامہ غلام رسول سعیدی رحمہ اللہ کے منہج واسلوب کا تحقیقی جائزہ | تعارف، شرح صحیح بخاری، شرح صحیح مسلم میں احادیث کی سائنسی تعبیرات کی فہرست اور مصنف علیہ الرحمہ کا منہج واسلوب، سائنسی فوائد ونقصانات کا تذکرہ، سفارشات |

| | | |
|---|---|---|
| 64 | قبل بعثت رسول اللہ ﷺ کے تجارتی اسفار کا تحقیقی مطالعہ | عرب کی تاریخ اور قدیم تجارتی مراکز، اہل مکہ کا سامانِ تجارت، قبل بعثت مکہ معظمہ کے مشہور تاجر، تجارت مکہ میں رسول اللہ ﷺ کا حصہ اور تجارتی اسفار، تجارتی اسفار میں ظہور معجزات کی تفصیل، خلاصہ، سفارشات |
| 65 | الأربعين في الجهاد والمجاهدين (تالیف: ابوالفرج محمد بن عبد الرحمن المقریء المتوفی: 618ھ) کا ترجمہ اور منہج واسلوب | تعارف مصنف، جہاد پر عربی لٹریچر کا مطالعاتی جائزہ، مقدمہ جہاد کی فرضیت، اہمیت وضرورت، کتاب کا اردو ترجمہ و مختصر شرح، احادیث کی تخریج، فہارس، آیات واحادیث اور سفارشات ونتائج البحث |
| 66 | اہلسنت علماء کی اردو سیرت نگاری کا تاریخی جائزہ | سیرت نگاری تاریخ وارتقاء، سیرت مبارکہ پر اہلسنت کی تالیفات وتراجم کا تاریخی جائزہ، مباحث سیرت، سفارشات، خلاصہ |
| 67 | کتاب "الآثار("امام محمد بن حسن شیبانی رحمۃ اللہ علیہ) مرویات کی فنی حیثیت | تعارف، کتاب کی اہمیت ومحاسن، فنی مقام ومرتبہ، ثنائیات وثلاثیات تعداد وفنی حیثیت، منہج واسلوب، مصادر، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات، |
| 68 | فقہی مذاہب کے بیان میں امام ترمذی کا منہج (تجزیاتی مطالعہ) | حالات زندگی، سنن ترمذی کا اجمالی تعارف، امام ترمذی کے اقوال کا جائزہ، فقہاء کے اسماء کے ساتھ وضاحت اور اہل بلاد کی طرف نسبت وغیرہ، خلاصہ |
| 69 | خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے منظوم کلام (ایک تجزیاتی مطالعہ) | عظمت خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم، عہد خلافت کی دینی وعلمی خدمات کا جائزہ، منظوم کلام کے محاسن وخصوصیات، عربی زبان وادب کی اہمیت وافادیت، سفارشات |

# المسائل الاعتقادية والكلامية ومتعلقاتها

| | | |
|---|---|---|
| 70 | حفاظت ایمان، اہمیت وضرورت | ایمان کی تعریف اور اہمیت، ایمان سب سے بڑی نعمت، افکار انبیاء کرام علیہم السلام اور حفاظت ایمان، حفظ ایمان اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات، صحابہ کرام کے واقعات اور حفاظت ایمان، سفارشات، نتائج وخلاصۃ البحث |
| 71 | جدید علم کلام کی ضرورت وافادیت | علم کلام کی اہمیت وافادیت، علم کلام کے دو اہم مکاتب کا تعارف وبنیادی اختلافات ،جدید علم کلام کی ضرورت، مسائل ومناہج کی تجدید، نتائج البحث |
| 72 | مقالاتِ کاظمی میں کلامی مباحث کا تحقیقی مطالعہ | علم الکلام کی اہمیت، کلامی مباحث میں مصنفؒ کا اسلوب، الٰہیات، نبوت ورسالت ،ملائکہ، تقدیر، آخرت، حیات، برزخ، رفع وحیات عیسیٰ علیہ السلام، روح کی حقیقت وماہیت کے متعلق کلامی مباحث اور مصنفؒ کی تحقیق، تفردات وموافقات، نتائج |
| 73 | ارتداد کی سزا کے لیے شرائط (فقہاء کی آراء کا جائزہ) | ارتدار کیا ہے؟ تعریف، تشریح اور اسلامی نظریاتی کونسل کا مؤقف، ارتداد کی سزا کے شرائط، فقہی عبارات کی تشریح وتوضیحات، اجماع وعقل سے مرتد کی سزا، سفارشات، نتائج، خلاصۃ البحث |
| 74 | پانچ مشہور متکلمین کا علمی مقام اور افکار ونظریات (ایک مطالعہ) | تعارف ،مشاہیر کتب اور تلامذہ کا تعارف، علم کلام میں خدمات اور انفرادیات، مسائل فلسفہ کی تجدید میں ہر ایک کا انفرادی کردار، سفارشات، نتائج |

| | | |
|---|---|---|
| 75 | امامت کے متعلق اہل سنت واہل تشیع مفسرین کے افکار کا تجزیاتی مطالعہ | تعارف موضوع، امامت کالغوی واصطلاحی مفہوم، امامت کے متعلق اہل سنت اور اہل تشیع کا نظریہ، اہل تشیع کے ہاں ائمہ کے اوصاف، عصر حاضر میں نظریہ امامت اور فلسفہ انتظار کا جائزہ، سفارشات، نتائج البحث، خلاصہ |
| 76 | مسئلہ استعانت بالصالحین: (ابن کثیر، قاضی شوکانی، نواب صدیق حسن بھوپالی کے نظریات کا تحقیقی رد) | لغوی واصطلاحی مفہوم، شرعی احکام، عقلی ونقلی دلائل، احتیاطی تقاضے، منکرین کے نظریات ودلائل کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ، ہرسہ افراد کی تحریرات کا علمی جائزہ اور تحقیقی رد، سفارشات، نتائج البحث، خلاصہ |
| 77 | مکالمہ بین المذاہب کے اصول وآداب | مکالمہ کی تعریف وغرض وغایت، بین المذاہب مکالمہ، وقت کی اہم ضرورت، مباحثے اور مکالمے میں فرق، ہدایت الی الاسلام، تعامل باہمی، مکالمہ بین المذاہب کے اہداف و مقاصد، عصر حاضر میں مکالمہ کے مفید نتائج، سفارشات، خلاصہ |
| 78 | فتاوی مفتی اعظم ہند میں بیان کردہ کلامی مباحث کا تحقیقی جائزہ | علم الکلام کی اہمیت، کلامی مباحث میں مصنفؒ کا اسلوب، الٰہیات، نبوت ورسالت، ملائکہ، تقدیر، آخرت، حیات، برزخ، رفع وحیات عیسیٰ علیہ السلام، روح کی حقیقت وماہیت کے متعلق کلامی مباحث اور مصنفؒ کی تحقیق، تفردات وموافقات، نتائج |
| 79 | مراسیل امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ، ایک تحقیقی جائزہ | اصول حدیث میں مرسل روایات کا حکم وحجیت، محدثین وفقہاء کی آراء، امام شعبی کے حالاتِ زندگی، اساتذہ کرام اور تلامذہ، ائمہ جرح وتعدیل کی آراء، نقد وجرح کے تفصیلی جوابات، سفارشات اور نتائج البحث وخلاصہ |

# المسائل الفقهية والإسلامية وما يتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| 80 | مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ کا اجتماعی غور وخوض ایک مطالعہ | فقہائے سبعہ کا تعارف، فقہی خدمات، پیش آمدہ مسائل میں غور وخوض کا طریقہ کار، فقہی بصیرت، سفارشات، نتائج، خلاصۃ البحث |
| 81 | سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی فقہی بصیرت | احوال ومناقب، عہد رسالت ﷺ میں صحابہ کی فقہی تربیت، سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے فقہی استنباطات، |
| 82 | سیدنا امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے فقہی افکار کا مطالعاتی جائزہ | تعارف، عصر امام اعظم کے معاشرتی وسیاسی حالات، فقہ کا تاریخی پس منظر، اصولی بنیادیں، قیاس، اجماع کا کردار، استحسان اور امام ابو حنیفہ کا فکری فرق، نتائج |
| 83 | امام زفر بن ہذیل علیہ الرحمۃ کی فقہی رائے کا اسلامی معاشرتی قوانین پر اثر: (ایک مطالعہ) | تعارف، علمی مقام، معاصر معاشرتی قوانین پر اثر، معاشرتی قوانین میں رائے، تجارتی معاہدات پر امام زفر کی فقہ کا اثر، خاتمہ، فوائد، خاتمہ، نتائج البحث۔ |
| 84 | جدید تحریک نسواں اور اسلامی تعلیمات | جدید نسوانی تحریکات کا مرحلہ وار ارتقاء، مغرب کا نظریہ مساوات مرد وزن کا جائزہ ونتائج، عملی زندگی میں مساوات کا اسلامی نقطہ نظر، نتائج وخلاصہ |
| 85 | مساجد کے اوپر اور نیچے مکانوں اور دکانوں کی تعمیر: (فقہی جائزہ) | اسلام کا نظام مساجد، اہمیت وفضیلت، مساجد کے اوپر اور نیچے تعمیرات کے اہم مسائل ،فقہاء کی آراء کا جائزہ، سفارشات، نتائج |

| | | |
|---|---|---|
| انتہا پسندی لغوی واصطلاحی معنی، اسباب ونتائج، اعتدال پسندی کے ثمرات ونتائج، مسائل کا حل اور اسلامی تعلیمات، سفارشات، نتائج البحث | انتہا پسندی کے اسباب وتدارک (ایک مطالعہ) | 86 |
| شرعی حیثیت، فقہی آراء، شرائط اور کوتاہیوں کا تدارک، شرکاء سے لاعلمی کا حکم، جانور کی تعیین کیے بغیر قربانی کا حکم، مخلوط گوشت کو اندازے سے تقسیم کرنے کا حکم، جانور کے عیب دار نکلنے کے بعد نقصان کی تلافی کی شکل، نتائج | اجتماعی قربانی کے متعلق بعض تحقیق طلب مسائل کا فقہی جائزہ | 87 |
| کاروبار میں اولاد کی شرکت، فقہاء کی آراء اور شرائط کا جائزہ، مشترکہ کاروبار کے شریعت کے اصول وضوابط، تقسیم ترکہ کے مسائل، نتائج | باپ اور بیٹوں کے مشترکہ کاروبار (فقہی مطالعہ) | 88 |
| سر پر بالوں کی افزائش علاج معالجہ ہے یا زینت؟ سرجری کا شرعی حکم، غیر انسانی بالوں کے ذریعے انسانی جسم میں افزائش کا حکم، بالوں کی افزائش کے بعد وضو و غسل کا حکم، دیگر مسائل کا فقہی جائزہ، سفارشات، نتائج البحث | سر پر بالوں کی افزائش، شرعی نقطہ نظر | 89 |
| جواز یا عدم جواز پر فقہاء کی آراء کا جائزہ، کیا سروس چارج قرض پر سود کے مترادف ہے؟، کیا سروس چارج ضرورت میں شامل ہے؟ سفارشات، نتائج | اجرۃ الخدمت (سروس چارج) کا فقہی جائزہ | 90 |
| قبضہ کی حقیقت، مروجہ تجارتی شکلوں میں قبضہ کا مفہوم، قبضہ سے پہلے زمین کی فروختگی کا حکم، قبضہ سے پہلے تصرف کا حکم، مبیع قبل القبض کی زکوٰۃ کا حکم، فقہاء کی آراء اور جدید فتاویٰ جات کا جائزہ، سفارشات، نتائج | اشیاء منقولہ میں بیع قبل القبض کا تحقیقی وفقہی جائزہ | 91 |
| تعارف، کتب اصول فقہ میں حسامی کا امتیاز، حروف معانی میں حروفِ جارہ کے استعمال کی آیات واحادیث سے امثلہ، حروف عطف کے استعمال کی آیات واحادیث سے امثلہ، خلاصہ بحث، نتائج وسفارت، فہارس فنیہ وغیرہ | حسامی میں مذکور حروف معانی کے استعمال قرآن وحدیث سے امثلہ | 92 |
| فقہ حنفی کا اجمالی تعارف، اصول وضوابط، فقہ حنفی سے عدول کرنے والے علماء احناف، فتاوٰی جات، اسباب ووجوہ، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات اور فہارس | فقہ حنفی سے عدول کی وجوہِ جواز (فتاوٰی کی روشنی میں) | 93 |
| تعارف، حضرت مفتی اختر رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کی فقہی بصیرت، فتاوٰی تاج الشریعہ کا اسلوب وفتاوٰی کی تقسیم، سفارشات، نتائج | فتاوٰی تاج الشریعہ کا تعارفی مطالعہ | 94 |
| فرقہ واریت کی حقیقت، اسباب اور نقصانات، اصلاحی تجاویز، سفارشات اور نتائج البحث | فرقہ واریت کی بنیادیں اور اس کا فکری رد (ایک تحقیقی مطالعہ) | 95 |
| عیدین کی تاریخ واہمیت، جشن کی تاریخ ومقاصد، شرعی حیثیت، معاشی اور ثقافتی فوائد وثمرات، سفارشات اور نتائج البحث | عیدین کے جشن کی مذہبی، ثقافتی اور معاشی اہمیت | 96 |
| فتاویٰ نویسی تاریخ وارتقاء، پاکستانی علمائے اہلسنت کے مطبوعہ فتاویٰ جات کی تفصیل وتعارف، منہج واسلوب، امتیازی خصوصیات، صاحب فتویٰ کے مختصر احوال اور فقہی مقام، تجاویز وآراء، نتائج اور خاتمۃ البحث | پاکستانی علمائے اہل سنت کی فتاویٰ نویسی: ایک تاریخی جائزہ | 97 |

| | | |
|---|---|---|
| 98 | مساجد میں کیسٹ یا ریکارڈ اذان نشر کرنے کا حکم (فقہی نقطہ نظر) | اذان شعائر اسلام ہے، دلائل وشواہد، اذان کی مشروعیت اور اذان دینے کی شرائط، نماز کا وقت ہونے پر ریکارڈ اذان نشر کرنے کی فقہاء کی آراء کا جائزہ |
| 99 | حلال و حرام مخلوط مال میں زکوٰۃ کا حکم (فقہی جائزہ) | اموال زکوٰۃ، وجوب زکوٰۃ کے شرائط اور تفصیلی مباحث، مسئلہ کا فقہی جائزہ، فقہاء کرام کی آراء، جدید فتاوی جات کا جائزہ، سفارشات، نتائج |
| 100 | مشترکہ سرمایہ میں فرضیت زکوٰۃ کی نوعیت (فقہی مطالعہ) | اموال زکوٰۃ، وجوب زکوٰۃ کی شرائط اور تفصیلی مباحث، منکرین زکوٰۃ کا حکم، سرمایہ دارانہ نظام کا جائزہ، مسئلہ کا فقہی جائزہ، فقہاء کرام کی آراء، جدید فتاوی جات کا جائزہ، |
| 101 | شرائط زکوۃ کی تفصیل ودائرہ کار کا تحقیقی جائزہ | فرضیت زکوۃ، شرائط زکوۃ کی تفصیل، ہر شرط کی تعریف اور دائرہ کار، ملک تام کا مطلب اور حاجاتِ اصلیہ سے کیا مراد ہے؟ فقہائے کرام کی آراء اور جدید کتبِ فتاوی کا جائزہ، سفارشات، نتائج اور خلاصہ |
| 102 | چکی سے آٹا پیس کر اُسی آٹا سے اجرت دینا (فقہی نقطہ نظر) | مسئلہ کا فقہی جائزہ، قائلین جواز کے دلائل، مانعین جواز کے دلائل، ایسے معاملات میں حرمت کی بنیاد، استثنائی صورتوں کا شرعی حکم، جواز و حرمت کی عقلی وجوہ، عصر حاضر اور احتیاطی تقاضے، سفارشات، نتائج |
| 103 | قرض کی اقسام اور ان پر زکوۃ کا فقہی جائزہ | زکوۃ کی شرعی وسماجی حیثیت، ثمراتِ زکوۃ، مسئلہ کا فقہی جائزہ، کیا طویل الاجل قرض مانع زکوٰۃ ہے؟ دلائل وفقہاء کی آراء کا جائزہ، سفارشات ونتائج |
| 104 | اکسیڈنٹ سے موت، یا عضو مجروح و معطل ہونے پر معاوضہ لینے کی شرعی حیثیت | کیا روڈ اکسیڈنٹ شرعاً قتل ہے؟ ہر صورت کا شرعی حکم وفقہی جائزہ، عضو مجروح یا معطل ہونے کی صورت میں معاوضہ لینا یا اس کے حصول کے لیے مقدمہ لڑنا شرعاً کیسا؟ گورنمنٹ سے ملنے والی رقم کا حکم اور اس کا وارث کون؟ سفارشات اور خلاصہ |
| 105 | تجارتی سود کی فقہی حیثیت | معنی ومفہوم، ضرورت، ربوٰ کی حقیقت، علت ربوٰ کی حکمتیں، کمرشل انٹرسٹ اور اجارہ میں فرق، سفارشات، نتائج البحث، خلاصہ |
| 106 | اسلام کا قانونِ طلاق اور عفت وعصمت کی حفاظت | تعارف موضوع، طلاق اور اسلامی تعلیمات، طلاق فقہائے کرام کی نظر میں، اسبابِ طلاق اور ان کا تدارک، عفت وعصمت کے لوازمات، اسلامی تعلیمات سے روگردانی کا انجام، دشمنانِ عفت، اسلام کی نظر میں، سفارشات |
| 107 | بارات کا تصور، مفاسد اور حل | شادی بیاہ کا اسلامی تصور، مروجہ جہیز کی شرعی حیثیت، سلامی یا نیوتہ کا فقہی جائزہ، سفارشات، نتائج وخلاصۃ البحث |

# التصوف والرجال والتعليم والتربية ومايتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| 108 | صبر و تحمل کے فروغ میں علماء کا کردار | صبر و تحمل کا معنی ومفہوم، صبر تحمل اور رسول اللہ ﷺ کا اسوۂ حسنہ، خلفاء راشدین اور صبر و تحمل، اسلاف صالحین اور صبر و تحمل، علماء کرام اور صبر و تحمل، صبر و تحمل کے مواقع، لائقِ تحمل امور، اور نا قابلِ تحمل، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات اور فہارس |

| | | |
|---|---|---|
| 109 | غلبہ اسلام کے لئے فکری اور عملی تدابیر (عصر حاضر کے تناظر میں) | غلبہ اسلام اور قرآن کی تعلیمات، غلبہ اسلام اور رسول اللہ ﷺ کی حکمت عملی، غلبہ اسلام کے لئے خلفاء راشدین کے اہم اقدامات، عصر حاضر میں اسلام کی زبوں حالی، تدابیر، خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات اور فہارس |
| 110 | اَلْمُكْثِرُونَ هُمُ الْمُقِلُّونَ طمع وحرص علامات قیامت کی روشنی میں | طمع وحرص معنی ومفہوم، طمع وحرص کی اسباب ، قرآن وسنت کی تعلیمات ،علامات قیامت میں طمع وحرص کا مفہوم ،سفارشات ،نتائج البحث |
| 111 | سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تبلیغی خدمات | احوال وآثار، بغداد کا سیاسی پس منظر، تبلیغ وتربیت کے ثمرات، خطبات غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی معنویت واہمیت، نتائج وسفارشات |
| 112 | امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی فلسفیانہ تعلیمات کا تصوف اور سماجی ہم آہنگی پر اثرات | تعارف، تصوف کا پس منظر، غزالی کے فلسفے کا نکتہ آغاز، معرفت اور روحانیت کی تلاش ،غزالی کے تصوف میں وحدت الوجود اور تجلیات کا تصور، "تجلیات" کے فلسفے کا تجزیہ، تصوف اور اسلامی فقہ کے تعلقات، فلسفے کی مذہبی جہت: اخلاقی اور روحانی اثرات، |
| 113 | خانقاہوں کے معاشرتی اثرات (ایک تحقیقی مطالعہ) | خانقاہ کا معنی ومفہوم، آغاز وارتقاء، شیخ کے آداب وفرائض، خانقاہ کے خدوخال، معاشرتی اصلاح میں خانقاہوں کا کردار، خلاصہ ،سفارشات |
| 114 | سوانحی ادب میں مصنفین اہلسنت کا کردار ایک مطالعاتی جائزہ | تعارف موضوع، سوانحی ادب کی اہمیت وتاریخ، اہلسنت معروف مصنفین سوانح وتذکار کا تعارف وتصانیف، اسلاف شناسی کے ثمرات، سفارشات، نتائج |
| 115 | مشائخ معظم آباد (ضلع سرگودھا) کی دینی، ملی اور تصنیفی خدمات کا تحقیقی مطالعہ | معظم آباد محل وقوع، تاریخی وثقافتی پس منظر، مشائخ کرام کا تعارف، خدمات کا جائزہ ،علاقائی اور ملکی وغیر ملکی اثرات، سفارشات، نتائج البحث، خلاصہ |
| 116 | سلسلہ سیفیہ کے پاکستان میں مراکز اور اشاعت دین کے کردار کا تحقیقی جائزہ | سلسلہ سیفیہ آغاز وارتقاء، بانیان سلسلہ کا تعارف وخدمات، خانقاہی نظام کی اصلاح میں انفرادی کاوشیں، اشاعت دین کے مراحل، مراکز ومدارس کی تفصیل وخدمات، |
| 117 | تصوف اور جدید دنیا کے چیلنجز ایک تحقیقی مطالعہ | تصوف کی اہمیت وافادیت ، حقوق انسانی، بدعنوانی ،دہشت گردی کے خاتمے میں تصوف کا کردار ،دنیا کا معاشی نظام تصوف سے کیسے درست ہوگا؟، نصابِ تعلیم میں تصوف کی اہمیت، نفسیات کا علاج تصوف کی روشنی میں ، سفارشات ، |
| 118 | تصوف میں ولایت اور کرامت کا تصور (ایک جائزہ) | ولایت وکرامت کی اہمیت وضرورت ،بنیادی نقطہ نظر، کرامت کا ظہور اور اسلامی تعلیمات، کشف ، کرامت اور الہام کی حقیقت ، سفارشات و نتائج |
| 119 | ماحولیات کا تحفظ اور اسلامی تعلیمات | ماحول کا مفہوم، اسلام اور ماحولیات، ماحولیاتی آلودگی کی اقسام، مادی آلودگی، معنوی آلودگی، ماحولیات کا تحفظ اور اسلامی تعلیمات، ماحولیاتی آلودگی کا معاشرے پر اثرات |
| 120 | شجرکاری عصر حاضر کی اہم ضرورت (اسلامی تعلیمات کی روشنی میں) | اسلام دین فطرت ہے، اسلام میں شجرکاری کی اہمیت قرآن وحدیث کی روشنی میں، شجرکاری اور اسلاف، شجرکاری عصر حاضر میں پاکستان کی اہم ضرورت، فوائد ونتائج |
| 121 | تصوف اور اہل تصوف عصر حاضر کے آئینے میں (تقابلی جائزہ) | تعارف تصوف، اہل تصوف کون، اہل تصوف کا اسلامی معاشرے کی اصلاح میں اہم کردار، عصر حاضر اور اہل تصوف، فوائد ونتائج سفارشات |

| | | |
|---|---|---|
| 122 | برصغیر پاک وہند میں خانقاہی نظام کا تحقیقی جائزہ | تعارف، اسلام کی اشاعت میں خانقاہی نظام کا کردار، علوم اسلامیہ کی اشاعت اور خانقاہی نظام، خانقاہی نظام اور عصر حاضر، کیا موجودہ خانقاہی نظام بدعات وکفریات کا مرکز ہیں؟ خانقاہی نظام میں اہم اصلاحات، وقت کی اہم ضرورت، فوائد ونتائج سفارشات |
| 123 | برصغیر پاک وہند میں موجود مروجہ نظام بیعت کا تحقیقی مطالعہ | بیعت کا مفہوم، شرائط، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بیعت، عہد نبوی میں بیعت اور اس کے اغراض ومقاصد، موجودہ پاکستانی معاشرے میں مروجہ نظام بیعت اور اس کے اغراض ومقاصد، موجودہ پیری ومریدی کے ہمارے معاشرے پر اثرات، فوائد ونتائج |
| 124 | ائمہ مساجد اور خطباء کرام کی تربیت وقت کی اہم ضرورت | جدید عصری تقاضوں میں ائمہ وخطباء مساجد کی تعلیم وتربیت کی ضرورت واہمیت، ائمہ وخطباء کا معاشرے کی اصلاح میں بنیادی کردار، جدید علوم وفنون وقت کا تقاضا، ائمہ وخطباء کی تعلیم وتربیت کے حوالے سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ، فوائد ونتائج |
| 125 | مقام صحابہ رضی اللہ عنہم اور عصر حاضر کے اہم فتنے اوران کا حل، سورۃ الفتح اور سورۃ الحجرات کی روشنی میں | عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن وحدیث اور سلف صالحین کے دلائل وآثار کی روشنی میں ،سب وشتم پر اسلامی اور ملکی سزاؤں کا جائزہ ،نتائج البحث |
| 126 | اصول حدیث پر لکھی گئی اہلسنت تصانیف کا تعارفی جائزہ 2000ء سے 2025ء کی دہائی میں | برصغیر میں اصول حدیث کا تاریخی ارتقاء، عربی ،اردو کتب کا فنی جائزہ ، تعارف مصنف، سفارشات ،نتائج البحث اور خلاصہ |
| 127 | طبی اخلاقیات، کا تحقیقی مطالعہ | تعارف موضوع ، ضرورت واہمیت، علم الابدان کی اہمیت وافادیت، طبی اصول وضوابط، قانوناً طبیب کی اہلیت ،ڈاکٹرز کی کوتاہی اور ضمان کا مسئلہ ، سفارشات |
| 128 | محافل اہل سنت میں من گھڑت روایات کی کثرت اوراس کی روک تھام | محافل دینیہ کے اغراض ومقاصد، دین کی اشاعت وتبلیغ، عقائد اہل سنت کی اشاعت، اصلاح احوال امت، من گھڑت وموضوع روایات کی روک تھام، فوائد ونتائج |
| 129 | عدالت صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اوراجماع امت کا تحقیقی مطالعہ | صحابی کی تعریف، اوصاف ومناقب، عدالت کے معنی اوراقوال ائمہ امت، منکرین کا موقف اورردوابطال، کیا صدور معصیت عدالت کے منافی ہے؟ سب وشتم کے معنی اور شاتمین کا شرعی حکم اور عبرت ناک انجام، نتائج وخاتمۃ البحث |
| 130 | تیسیر ابواب الصرف اور معین الابواب کا تقابلی مطالعہ | علم الصرف کی اہمیت افادیت، مدونین صرف کا تعارف، مصنفین کی شخصیت وخدمات، ابتدائی معلومات اور مشہور اصطلاحات میں ہردو مصنفین کا اسلوب، مستعمل اور مشہور ابواب کی بطور مشق نشاندہی، عربی عبارتوں کا رسم الخط اوراعراب تعلیلات، منفرد مباحث، امتیازی اوصاف وخصائص، تائج وخاتمۃ البحث |
| 131 | پانچ بڑی دینی درسگاہیں اور ان کی خدمات<br>جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور، دارالعلوم امجدیہ کراچی، جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی، جامعہ انوارالعلوم ملتان، جامعہ فریدیہ ساہیوال، جامعہ نعیمیہ لاہور | تاریخی پس منظر، آغاز وارتقاء، بانی جامعہ شخصیت وخدمات، تعارف جامعہ، قیام کے مقاصد، تعلیمی وتربیتی نظام، مشاہیر فضلاء مع کوائف، دارالافتاء کی مقبولیت، دعوت وتبلیغ ،تزکیہ قلوب، نمائندہ رسائل وجرائد، عصری علوم کی کارکردگی، خدمات اوراسلامی معاشرے پر جامعہ کے اثرات، تجاویز ونتائج، خاتمہ |

| | | |
|---|---|---|
| اُردو ترجمے کا مفہوم، ضرورت و اہمیت اور اغراض و مقاصد، تاریخ اہلسنت ،ترجمہ قرآن ، حدیث ،علوم حدیث، فقہ وکلام میں مشہور عربی کتب کے تراجم ، مطبوعہ وغیر مطبوعہ ،مترجمین کے مختصر احوال اور منہج واسلوب ،سفارشات | اہلسنت مصنفین کی ترجمہ نگاری کا تحقیقی جائزہ | 132 |
| علم تجوید وقرات کی اہمیت، تاریخی جائزہ، 15 ائمہ قرات کا تعارف وخدمات، 10 مشہور کتب تجوید وقرات کا تعارف اور منہج واسلوب، نتائج وخاتمۃ البحث | ائمہ تجوید وقرات کا تعارف اور خدمات | 133 |
| علمی حیثیت، وظائف، فاضلین کی عصری تعلیم میں دلچسپی، فاضلین اور مساجد ودینی جامعات، فاضلین اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں ان کی ضرورت، معاشرتی رویے، خلاصہ | فاضلین درس نظامی کو درپیش معاشی اور معاشرتی مسائل اور ان کا حل | 134 |

# السیاسة والحکومة والسِیر ومایتعلق بها

| | | |
|---|---|---|
| عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت وضرورت شریعت کی نظر میں، فتنہ قادیانیت مبارک ثانی کیس میں سپریم کورٹ کا فیصلہ اور پاکستانی معاشرے پر اس کے اثرات، فتنہ قادیانیت کی روک تھام میں علماء پاکستان کا کردار وقت کی اہم ضرورت، فوائد ونتائج سفارشات | مبارک ثانی کیس کے حقائق واثرات | 135 |
| اہلسنت اکابر کے سیاسی افکار و نظریات ،اہلسنت کی سیاسی تاریخ ،ممبر اسمبلی منتخب علمائے اہلسنت :تعارف وخدمات کا جائزہ ،سیاست میں علمائے کرام کی حصہ داری کیوں ضروری ہے ؟سفارشات ،نتائج البحث | بزرگانِ اہلسنت کی سیاسی وملی خدمات کا جائزہ | 136 |
| نظریہ پاکستان کا تاریخی ارتقاء،ملی شعور کاتحفظ،نفاذِ اسلام کی تجاویز ،سفارشات ونتائج اور خلاصۃ البحث | نظریہ پاکستان کا تحفظ اور اس کی ضرورت | 137 |
| تحریک پاکستان ،آغاز ومقاصد، قیام پاکستان کے اصل محرکات ،مشائخ ملتان اور ان کی خلفاء کی تحریک پاکستان میں خدمات ، | تحریک پاکستان میں ملتان کے اکابر مشائخ اور اُن کے مشاہیر خلفاء کا حصہ ،ایک تحقیقی مطالعہ | 138 |
| انسانی جسم کے لیے غذا کی اہمیت ، غیر مسلم مصنوعات کی اجزاء ترکیبی، غیر مسلم،ملک دشمنوں سے تجارت کا شرعی حکم ،چند غیر ملکی مصنوعات کی تفصیل ، سفارشات اور نتائج البحث | ملک دشمنوں کا معاشی مقاطعہ ،اہمیت واثرات کا تحقیقی جائزہ | 139 |

# التحقیق والتخریج والترجمة ومایتعلق بهما

| | | |
|---|---|---|
| | | |

**نوٹ:** عالیہ سال اول کے وہ امیدوار جو از خود عنوان مقالہ یا (تحقیق و تخریج) منتخب کرنا چاہیں وہ اپنا عنوان بصورت خطہ (Synopsis) شعبہ امتحانات سے منظور کرواکر کام شروع کرسکتے ہیں۔

# ہدایات وضوابط برائے تحقیقی مقالات

## امتحانی قواعد وضوابط:

- ❖ تحقیقی مقالات لکھوانے کا مقصد تحقیقی بنیادوں پر "تصنیف و تالیف" کی خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور استنباط کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی مشق کروانا ہے، لہٰذا مقالہ نگاران کی راہنمائی اور تحقیق و تالیف کو کماحقہ مفید بنانے کیلئے مدارس کے منتظمین سے گذارش ہے کہ:

  i. ہر مقالہ نگار کیلئے تحقیق و تصنیف کا تجربہ رکھنے والے استاذ کا ہی بطورِ "مشرف"(Supervisor) تقرر فرمائیں۔

  ii. ایک مشرف کے زیرِ نگرانی مقالہ جات کی تعداد کم از کم ہونی چاہیے تاہم اگر کسی ادارے میں امیدواران کی تعداد کثیر ہو تو ایک مشرف زیادہ سے زیادہ آٹھ مقالہ جات کی نگرانی کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ کی اجازت نہ ہے۔

  iii. مقالہ نگار جس ادارے میں زیر تعلیم ہے مشرف(Supervisor) کا اسی ادارے سے ہونا ضروری نہیں بلکہ امیدوار اپنے جامعہ کے سربراہ کی اجازت سے کسی اور ادارے کے تحقیق کے فن میں مہارت رکھنے والے استاذ کو بھی اپنا مشرف بنا سکتا ہے۔

- ❖ مشرفین کرام اپنی اخلاقی و منصبی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسلسل راہنمائی فرمائیں اور اپنی نگرانی میں اصول تحقیق کے مطابق مقالہ تحریر کرائیں تاکہ مستقبل کی علمی و تحقیقی ضرورتوں کے اہل، رجالِ کار تیار ہو سکیں۔ سطحی اور نقل شدہ مقالہ ہونیکی وجہ سے امیدوار کی ناکامی مُشرف کیلئے سُبکی کا باعث ہو گی۔
- ❖ تنظیم المدارس کی جانب سے جاری کردہ عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مقالہ لکھنا ضروری ہے۔
- ❖ مقالہ صرف وہی امیدوار لکھیں گے جنہوں نے عالمیہ سال اول کے امتحان میں کامیابی حاصل کر لی ہو۔ نیز تاحال مقالہ نگاری صرف طلبہ کیلئے ہے طالبات کے نصاب میں مقالہ شامل نہیں۔
- ❖ ایک عنوان پر ادارے کا صرف ایک امیدوار مقالہ لکھنے کا مُجاز ہو گا، البتہ اگر عنوانات کی تعداد سے امیدواروں کی تعداد زیادہ ہو تو ایک عنوان پر دو یا تین طلبہ مقالہ لکھ سکتے ہیں۔ تاہم ادارہ کے "ناظم تعلیمات" کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کا اہتمام کریں کہ ہر امیدوار از خود محنت و تحقیق کر کے مواد مرتب کرے نیز مقالہ جات کو تنظیم المدارس بھجوانے سے قبل خود جائزہ لیں، تاکہ نقل و سرقہ کا امکان نہ رہے۔ نقل شدہ مقالہ کالعدم شمار ہو گا، اور امیدوار ناکام قرار پائے گا۔
- ❖ مقالہ میں ناکام طلبہ کو ضمنی امتحان کے موقع پر دوبارہ مقالہ لکھنے کا موقع اس شرط پر دیا جائیگا کہ وہ ضمنی امتحان کے موقع پر باقاعدہ داخلہ فارم پُر کر کے امتحانی فیس جمع کرائیں۔ مجموعی طور پر چار چانسز (سالانہ + ضمنی + سالانہ + ضمنی) تک مقالہ کی تکمیل لازم ہے۔

## منظوری وطریقہ ترسیل:

- ❖ رجسٹریشن کیلئے سربراہ ادارہ کے دستخطوں سے ادارہ کے لیٹر پیڈ پر مقالہ نگاران کی فہرست (نام امیدوار، عالمیہ سال اول کا رول نمبر، منتخب عنوان، مشرف کا اسم گرامی) یکم محرم الحرام 1447ھ تک شعبہ امتحانات کو ارسال کرنا ضروری ہے۔
- ❖ ۲۷ رجب المرجب ۱۴۴۷ھ سے قبل تمام مقالہ جات مرتب و مجلد کر کے شعبہ امتحانات مرکزی دفتر لاہور میں پہنچنا ضروری ہیں۔
- ❖ مقالہ جات اجتماعی طور پر ارسال کئے جائیں، انفرادی طور پر ارسال کیے گئے مقالہ جات گم ہونے کی صورت میں شعبہ امتحانات ذمہ دار نہ ہو گا۔
- ❖ جس مقالہ پر امیدوار کا نام، عالمیہ سال اول و دوم کا رول نمبر اور پتہ صحیح طور پر درج نہ ہوا، وہ کالعدم متصور ہو گا۔
- ❖ تحقیقی مقالہ کی اصل کاپی جلد کر کے بھجوائیں۔ فوٹو کاپی قابل قبول نہ ہو گی۔ البتہ اپنے ریکارڈ کیلئے فوٹو کاپی بنوا کر محفوظ کر لیں نیز نقل و اصل کی پہچان کے لیے رف عمل (قلمی نسخہ ترجیحاً)، قلم سے نظر ثانی شدہ پرنٹ کی کاپی لازماً محفوظ رکھیں۔ شعبہ امتحانات کسی بھی وقت ثبوت کے طور پر یہ چیزیں طلب کر سکتا ہے۔

## ہدایات برائے تحریر و تحقیق:

- ❖ مقدمہ، ابواب و فصول، خلاصہ بحث، سفارشات، نتائج، اشاریہ، اور آیات، احادیث، شخصیات، اعلام اور اماکن کی فہارس کا اصول تحقیق کے مطابق اہتمام کریں۔
- ❖ درجہ شہادۃ العالمیہ کا مقالہ کم از کم 50 صفحات جبکہ تخصص فی الفقہ کا کم از کم 100 صفحات فل سکیپ (8.6x11.6) پر مشتمل ہو اور صفحہ کی ایک طرف لکھا جائے۔
- ❖ مقالہ کی تفصیلات اور مباحث تجزیاتی اور نتیجہ خیز ہونے چاہئیں، اندازِ تحریر علمی و تحقیقی ہونا چاہیے۔
- ❖ مقالہ میں موجود تمام آیاتِ مبارکہ قرآنی رسم الخط عربی عبارت (Apmurhay) میں لکھی جائیں اور ان پر اعراب کا بطور خاص اہتمام کیا جائے۔

- مقالہ بنیادی مصادر پر مشتمل ہونا چاہئے اور اصول تحقیق و قواعد وضوابط کا مقالے میں اطلاق و اظہار ہونا ضروری ہے۔
- مقالہ کی تکمیل پر اپنی تحریر کو بار بار پڑھا جائے تاکہ غلطی کی گنجائش نہ رہے۔ کمپوزنگ کی غلطیوں پر نمبر کم ہو جاتے ہیں۔
- مقالہ کمپوز شدہ ہونا ضروری ہے۔ تاہم کسی ماہر کاتب کا تحریر شدہ قلمی نسخہ بھی قابل قبول ہو گا۔ البتہ جلد کا مضبوط ہونا لازمی ہے۔

## کمپوزنگ کے متعلق ہدایات:

i. اعلیٰ تعلیم میں مقالہ جات کی تفویض کا مقصد طالب علموں میں تحقیقی، تجزیاتی، تنقیدی اور تقابلی شعور پیدا کرنا ہے۔ ان مقاصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ محقق طے شدہ اصول وضوابط کی روشنی میں ہی اپنی تحقیقات مرتب کرے۔ لہذا تحقیقی مقالہ جات لکھنے والے ان ہدایات کو مد نظر رکھیں۔

ii. مقالہ متوازن طور پر ابواب وفصول میں منقسم ہو نیز ہر باب کا عنوان، باب کے شروع میں علیحدہ صفحہ پر لکھیں۔ نیز اس باب کی فصول کے عنوان بھی لکھیں اور اس پر صفحہ نمبر لکھا اور شمار نہ کیا جائے۔

iii. کاغذ کا سائز 8.6x11.6انچ (A4)، جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر کا حاشیہ ایک انچ کا اور نیچے کا 0.75 انچ ہو۔ ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے۔

iv. حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26-24 ہونی چاہیے۔ مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے ٹائٹل چوبیس فاؤنٹ (pt24) ابواب کے عنوانات بائیس فاؤنٹ (pt22)، فصول بیس فاؤنٹ (pt20)، مباحث 18 فاؤنٹ (pt18)، ذیلی عنوانات 16 بولڈ فاؤنٹ (pt16)، تحریر کا سائز اصل متن پندرہ فاؤنٹ (pt15) اور حاشیہ تیرہ فاؤنٹ (pt13) پر مشتمل ہونا چاہیے۔

v. مقالہ کا سرورق درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:

مقالہ کے سرورق پر عنوان مقالہ جلی حروف میں (فاؤنٹ 24) اسکے نیچے توسین میں مقالہ برائے **شهادة العالميه/ تخصص في الفقه**، نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام اور رول نمبر جبکہ بائیں جانب نگران مقالہ کا نام بمعہ عہدہ لکھا جائے اور سب سے نیچے شعبہ امتحانات **شهادة العالميه/ تخصص في الفقه** تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سیشن / سال تحریر کیا جائے، صفحہ کے درمیان میں تنظیم المدارس کا مونوگرام ہونا چاہیے۔

vi. مقالہ کے انتساب سے پہلے نگران مقالہ کا سفارشی مراسلہ (Recommendation Letter) اور اس بات کا حلف (Declaration) کہ یہ کام اصلی اور سرقہ سے مبرا ہے، لگایا جائے گا۔

vii. **شهادة العالميه/ تخصص في الفقه** کے مقالہ جات کی جلد کے پہلے صفحہ پر ان تمام چیزوں کا اندراج اسی ترتیب سے ہو گا جیسے ہدایات میں لکھا گیا ہے مقالہ کی جلد کا رنگ گہرا میرون ہو۔ پشتے پر مقالہ کا عنوان مقالہ نگار کا نام، سال / سیشن درج ہو گا۔

## مقالہ کی ترتیب و محتویات:

1:عنوان / ٹائیٹل　　2:تسمیہ و تحمید　　3:مُشرِف کی تصدیق و دستخط　　4:انتساب

5:مقدمہ (مندرجہ ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے: (موضوع کا تعارف، اہمیت موضوع، سابقہ کام کا جائزہ، تحقیق کے بنیادی سوالات واہداف))　　6:فہرست موضوعات

7:صلب موضوع و ابحاث　　8:ضمیمہ و اشاریہ (اگر ہو)　　9:خلاصہ بحث و نتائج　　10: فہارس (آیات واحادیث وغیرہ)

11: مصادر و مراجع (ترتیب میں فنون / تہجی کا لحاظ رکھیں)

**مقدمہ و دیباچہ:** اختصار و جامعیت سے کام لیا جائے، عنوان کے انتخاب کی وجوہ ترجیح اور مقالے کا سرسری جائزہ درج ہو۔

## ابواب و فصول:

1. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم وضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔
2. جدید طرز تحقیق اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی قلم سے باب کا عنوان لکھا جائے اور نیچے اس باب کی فصول کے عنوانات درج کئے جائیں۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے، اور اگلے صفحہ (سامنے/بائیں جانب والے) سے تحریر کا آغاز کیا جائے۔
3. ذیلی عناوین "بغلی سرخی" کے طور پر دائیں جانب جلی قلم سے لکھیں۔

4. تحریر میں پیرابندی اور رموز او قاف(،۔؟"" !...)وغیرہ کالحاظ رکھاجائے۔
5. اختتام پر اپنے مقالے سے اخذ کردہ حاصلات ذکر کئے جائیں اور اگر کہیں مقالہ نگار کی رائے میں مضبوط عملی و تحقیقی "تفرد" ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو

## حوالہ جات اور حواشی:

1. حوالہ جات، حواشی ہر صفحے کے نیچے دیئے جائیں، یا مسلسل نمبروں کی صورت میں باب، فصل، مقالہ کے آخر میں نمبر وار مصادر و مراجع و حوالہ کا ذکر کریں۔ اقتباس کو واوین ("") کے درمیان لکھیں۔(اقتباس کا فاؤنٹ وسائز متن سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے)
2. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے۔ یا قوس خاص [......](......) لگاکر اس کے درمیان لکھا جائے۔
3. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتب حدیث مخرّج و محقّق دستیاب ہیں اس لئے حوالہ میں رقم الحدیث، جلد و صفحہ، مطبع و سن طباعت درج کریں۔ باب و فصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تاکہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل تک رسائی ممکن ہو سکے۔ یاد رہے حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے۔ بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات لکھنے کی صورت میں دیانت علمی کے خلاف ہونے کیساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔
4. آیات قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں۔ مثلاً: سورۃ بقرہ کی آیت نمبر ۱۴ کو یوں لکھیں: (البقرہ ۲: ۱۴)
5. مصنفین کے اسماء حروف تہجی کی ترتیب یا سنین ولادت، وفات کی ترتیب سے ہوں۔

**فہارس:** فہارس کے باقاعدہ نمبر مخصوص کئے گئے ہیں لہٰذا اپنی کاوش کو مزید بہتر بناتے ہوئے موضوعات و عناوین، آیات و احادیث، اشاریہ، اسماء و اماکن، مصادر و مراجع کی فہارس، ٹیبل بنائیں۔ ان تمام فہارس میں ترتیب (ہجائی، زمانی، مکانی) کا خاص خیال رکھیں۔

**CD:** اپنے تحقیقی مواد کو کمپیوٹر پر کمپوز کروائیں اور درج ذیل ہدایات کا خاص خیال رکھیں۔

i. اپنے تحقیقی مواد کو ضائع ہونے اور انتحال و سرقہ علمی سے محفوظ رکھیں۔ بعض لوگ اس کمپوز شدہ مواد کا اپنے نام سے پرنٹ نکلوا لیتے ہیں، جس سے اصل امیدوار پر بھی نقل کرنے کا الزام آجاتا ہے، لہٰذا اپنے اصل تحقیقی مواد اور، رف عمل کو محفوظ رکھیں تاکہ بوقت ضرورت بطور ثبوت پیش کیا جاسکے (جو مواد امیدوار نے براہ راست کمپیوٹر پر کمپوز کیا ہو)۔

ii. تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے پلیٹ فارم سے یہ کوشش کی جائیگی کہ جدید تحقیقات پر مشتمل مواد کو مرتب کر کے شائع کیا جائے، لہٰذا کمپوز شدہ مواد (اصل فائل اور پی ڈی ایف فائل) کی سی ڈی ہمراہ ارسال کریں نیز اپنے تحقیقی مقالہ کی اصل کاپی حسب ضابطہ مجلد کر کے بھجوائیں اور سافٹ کاپی (ٹیکسٹ فائل) ان پیج یا ایم ایس ورڈ بشمول پی ڈی ایف درج ذیل ای میل ایڈریس پر سینڈ بھی کر سکتے ہیں۔(info@tanzeemulmadaris.com)

**نوٹ:**

ای میل میں مقالے کے فرنٹ پیج (ٹائٹل) کی فوٹو منسلک کریں جس میں مکمل کوائف (نام ولدیت، عالیہ اول و دوم کا رول نمبر اور ادارے کا نام و الحاق نمبر) درج ہوں۔ نیز بھجوائی گئی ای میل کا سکرین شارٹ لے کر کاغذ پر پرنٹ کر کے اپنے جلد شدہ مقالے میں پیسٹ کریں۔

iii. تحقیقی مقالہ تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی اعلیٰ ڈگری (**شھادۃ العالمیہ/ تخصص فی الفقہ**) کے حصول کیلئے لکھوایا جاتا ہے جو تنظیم المدارس کا علمی اثاثہ شمار ہوتا ہے لہٰذا اگر آپ اپنے تحقیقی مقالہ کو شائع کروانا چاہتے ہیں تو اس کی اشاعت سے قبل تنظیم المدارس کے ناظم امتحانات سے تحریری اجازت نامہ حاصل کرنا ضروری ہے۔

نوٹ: **جناب ناظم اعلیٰ / مہتمم صاحب!زید مجدہ**

یہ ہدایت نامہ اور فہرست مقالات اپنے مدرسہ کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کروادیں۔ نیز ایک ایک کاپی مقالہ نگاروں کو بھی دے دیں۔

## عزیز طلبہ کرام!

☆ متعدد علمی عناوین کا تعین کر دیا گیا ہے، بعض مشکل اور تحقیقی عنوانات ہیں اور بعض آسان، کچھ عصری مضمون نویسی جیسے موضوعات اور وافر مواد سے متعلق ہیں۔ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے خوب محنت سے ریسرچ ورک کیا جائے۔ تاکہ مستقبل میں اگر اس مقالہ کو طباعتی و اشاعتی مرحلہ سے گزارنا مقصود ہو تو یہ مقالہ ہر لحاظ سے اس معیار پر پورا اترتا ہو۔

☆ اساتذہ و مشرفین عظام سے التماس ہے کہ موضوع و عنوان کے انتخاب میں طالب علم کے میلان طبعی اور استعداد کا لحاظ کرتے ہوئے چناؤ کرائیں۔ ذی استعداد طلبہ کو آسان کی بجائے مشکل اور علمی کام پر آمادہ کریں، تاکہ (ان مع العسر یسرا) کا عملی نمونہ سامنے آئے۔ اپنے عزیزوں کو تصنیف و تالیف کے میدان کا شہسوار بنانے کیلئے پوری توجہ مرحمت فرمائیں۔ اور موضوع کے ما لہ اور ما علیہ میں سے کوئی پہلو تشنہ نہ رہنے دیں۔

☆ مقالات کے عناوین بارے راہنمائی درج ذیل اساتذہ کرام و محققین عظام سے حاصل کی جا سکتی ہے، مگر یاد رہے سائل و طالب بن کر اپنی مراد حاصل کرنے کے جذبے سے مناسب و موزوں وقت پہ فون کیجئیے اور فرصت بارے پہلے پوچھ لیجئیے۔

| نمبر شمار | اسماء گرامی | رابطہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مفتی محمد عابد نسیم، گوجرہ | 0300-3595565 |
| 2 | حافظ محمد اسحاق ظفر، راولپنڈی | 0331-8678772 |
| 3 | پروفیسر عون محمد سعیدی، بہاولپور | 0300-6818565 |
| 4 | ڈاکٹر محمد کلیم، رحیم یار خان | 0306-7318019 |
| 5 | مفتی خلیل احمد قادری، لاہور | 0300-8806267 |
| 6 | مفتی محمد کاشف فریدی، ملتان | 0305-5261588 |
| 7 | مفتی اعجاز احمد، فیصل آباد | 0300-7267103 |
| 8 | مولانا رفاقت جلالی، اسلام آباد | 0300-7565116 |
| 9 | مفتی محمد زمان سعیدی، فیصل آباد | 0306-5832859 |
| 10 | مولانا محمد امتیاز حقانی، چنیوٹ | 0346-5912691 |

کچھ تفصیلات اور تحریر مقالہ کے لیے رہنمائی تنظیم المدارس کے فیس بک پیج پہ دے دی گئی ہے۔ درج ذیل لنک سے آپ حاصل کر سکتے ہیں: https://www.facebook.com/tanzeemulmadarispk

☆ عنوانات، موضوعات کی ترکیب الفاظ میں ایسی تبدیلی، جس سے عنوان مزید وقیع ہو جائے، لیکن "صلب موضوع" میں کوئی کمی نہ ہو، کی اجازت ہے۔

☆ آخری عنوان پر لکھنے کے لئے ایک ہی ادارے سے کئی طالب علم بھی ہو سکتے ہیں مگر کتاب (مخطوط) کا الگ ہونا ضروری ہے۔ البتہ حجم میں بڑی کتاب ہونے کی صورت میں ایک سے زائد طالب علم بھی شریک ہو سکتے ہیں، تاہم متعدد شرکاء کی صورت میں ہر ایک کے حصے میں کم و بیش پچاس تا ساٹھ صفحاتِ تحقیق ہونے چاہئیں۔

☆ خیال رہے کہ تحقیق کیلئے ایسی کتاب (مخطوط) کا انتخاب کریں جس پر پہلے کام نہ ہوا ہو، اس سلسلہ میں شعبہ تحقیق و تصنیف تنظیم المدارس سے تحریری طور پر تصدیق حاصل کر لیں۔

☆ نتیجہ از ممتحن، مندرجہ بالا پروفارمہ کاپی کر کے امیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

والسلام مع الاکرام

آپ کے درخشندہ مستقبل کا خواہاں

محمد عبد المصطفیٰ

(ناظم اعلیٰ)

15 مئی 2025ء